A

सम्रग शिक्षा केरल
Samagra Shiksha Kerala
സമഗ്ര ശിക്ഷാ കേരളം

## സമഗ്ര ശിക്ഷാ കേരളം

610

## ആത്യന്തികവിലയിരുത്തൽ I - 2026 – 27

ക്ലാസ് : 6 | ഉർദു | സമയം:2 മണിക്കൂർ 15 മിനിട്ട്

**പൊതു നിർദേശങ്ങൾ**

1. മൂല്യനിർണ്ണയ പ്രവർത്തനങ്ങൾ ആരംഭിക്കുന്നതിന് മുമ്പ് പതിനഞ്ച് മിനിട്ട് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ഈ സമയം ചോദ്യങ്ങൾ നന്നായി വായിച്ചു മനസ്സിലാക്കണം.
2. ആറു ചോദ്യങ്ങൾക്ക് ഉത്തരമെഴുതിയാൽ മതി.
3. രണ്ടു ചോദ്യങ്ങൾക്ക് ഇന്റേണൽ ചോയിസുണ്ട്. ഇന്റേണൽ ചോയിസുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഒന്നിന് മാത്രം (A OR B) ഉത്തരമെഴുതിയാൽ مതി.

### سرگرمی-I(A)

ساجن امّی کے بارے میں گیت گانے لگا۔

امّی امّی آؤنا　　مجھ کو دودھ پلاؤنا
پیاری امّی آؤنا　　مجھ کو لوری سناؤنا
پیار سے مجھ کو بلاؤنا　　میٹھی لوری سناؤنا
امّی امّی آؤنا　　چاند کو ساتھ میں لاؤنا

1. بچوّ، نظم پڑھ کر دو ہم آواز الفاظ چن کر لکھیے۔
جیسے : آؤنا - لاؤنا
2. یہ گیت امّی کے بارے میں ہے۔امّی پر نوٹ لکھیے۔

### سرگرمی:-I(B)

میرے ابّا پیارے ابّا　　پیارے پیارے میرے ابّا
اچھے سچّے میرے ابّا　　میری جان سے نیارے ابّا
فٹ بال لائے میرے ابّا　　مہندی لائے میرے ابّا

(A) نظم امّی کے بارے میں ہے۔ (B) نظم ابّو کے بارے میں ہے۔
(C) نظم دادی کے بارے میں ہے۔ (D) نظم ابّا کے بارے میں ہے۔

1. اس میں صحیح کونسا ہے؟

A اور B　　C اور A

D اور C　　B اور D

2. بچو، ابّا ہمارے لیے کیا کیا کرتے ہیں؟ ابّا کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

## سرگرمی-(II(A



نوٹ پڑھ کر سوالات کے جواب لکھیے۔

اڈوکلاتوٹم [അടുക്കളത്തോട്ടം] میں ٹماٹر، بینگن، بھنڈی، مرچ جیسی ترکاریاں اور پالک میتھی جیسی پتے والی سبزیاں بھی اگائی جاتی ہیں۔ ہم کھانا بنانے میں ان سبزیوں اور ترکاریوں کا استعمال کرتے ہیں۔ ترکاریاں صحت کے لیے اچھی ہیں۔

1. بچّو، دو ترکاریوں کے نام لکھیے۔
2. ترکاریاں ..... کے لیے اچھی ہیں۔ [صحت ، برکت ، نعمت]
3. بچّو، کسی ایک سبزی یا ترکاری کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

## سرگرمی-(B)II

1. سبزیاں اور جڑ والی سبزیاں الگ الگ کر کے لکھیے۔



بھنڈی، بینگن، زمین قند،
ادرک، آلو، ککڑی،
پنڈالو، کدّو

| سبزیاں | جڑ والی سبزیاں |
| --- | --- |
| | |
| | |
| | |
| | |

2. بینگن ایک سبزی ہے۔اس کا رنگ بینگنی ہے۔ہم بینگن سے سالن بناتے ہیں۔
بچّو، کسی ایک سبزی کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

## سرگرمی-III

ساجن ایک کہانی پڑھنے لگا۔

آم کے پیڑ پر ایک کوّا رہتا تھا۔ ایک دن زوردار بارش میں کوّے کا گھونسلا نیچے گر پڑا۔ کوّا مایوس ہو کر رونے لگا۔ یہ دیکھ کر ایک ہاتھی کوّے کی مدد کے لیے آیا۔




A.....................................



B.....................................



C.....................................



D.....................................

1. بچّو، کہانی پڑھ کر تصویروں کے نیچے مناسب جملے چن کر لکھیے۔
2. بچّو، کس نے کوّے کی مدد کی؟

## سر گرمی-IV

1. بچّو، نیچے چند تصویریں دی ہیں۔ ان کے نام لکھیے۔






A ........................ B ........................ C ........................ D ........................

2. بچّو، کسی ایک پھل کی تصویر بنا کر نوٹ لکھیے۔

اشارے: [ خوبصورت، مزیدار، رنگ ]

## سر گرمی-V

1. خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے جوڑ کر لکھیے۔

| الف | ب |
|---|---|
| دادا | ابّا کی امّی |
| نانی | امّی کے ابّا |
| نانا | ابّا کے ابّا |
| دادی | امّی کی امّی |

2. بچّو، آپ کے گھر میں کون کون ہیں؟ گھر والوں کے بارے میں نوٹ تیار کیجیے۔

جیسے : میرے گھر میں امّی ہے۔

..................................

..................................

..................................

## سر گرمی-VI

اگلے مہینے میں ساجن کی بہن کی شادی ہے۔

شادی کی دعوت دینے کے لیے وہ اپنے دوست شاکرہ کے گھر گیا۔

1. بچوّ، ساجن اور شاکرہ کی گفتگو اشاروں کی مدد سے تیار کیجیے۔

ساجن: آداب شاکرہ تم کیسی ہو؟

شاکرہ: ..........................

ساجن: ایک خوش خبری ہے۔

شاکرہ: ..........................

ساجن: اگلے مہینے میری بہن کی شادی ہے۔

شاکرہ: ..........................

ساجن: ..............................

| |
|---|
| اچھا یہ تو بڑی خوشی کی بات ہے۔<br>آداب! میں ٹھیک ہوں۔<br>کیا خبر ہے ساجن؟<br>شکریہ! |

2. بچوّ، اگلے مہینے کس کی شادی ہے؟